سوال

(102)میاں بیوی کا فرض نماز کی جماعت کروانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا گھر میں میاں بیوی دونوں فرض نماز کی جماعت کرا سکتے ہیں اگر کرا سکتے ہیں، تو اس کی صورت کیا ہوگی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مرد حضرات کے لئے مسجد میں نماز باجماعت ادا کرنا ضروری ہے، بلاوجہ ان کا گھر میں نماز پڑھنا صحیح نہیں ہے، اگر کسی معقول عذر کی وجہ سے گھر میں نماز ادا کرنا ضروری ہو تو بیوی خاوند دونوں جماعت کرا سکتے ہیں، اس کی صورت یہ ہوگی کہ خاوند جماعت کرائے اور بیوی اس کے برابر کھڑے ہونے کے بجائے پیچھے کھڑی ہوگی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہمارے گھر ایک دفعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت کرائی تو میں اور ایک بچہ آپ کے پیچھے اور ہماری والدہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا اکیلی ہمارے پیچھے کھڑی ہوئیں۔ [صحیح بخاری، الاذان :۷۲۷]

عورت کسی صورت میں مرد کی جماعت نہیں کرائے گی، خواہ وہ عالمہ فاضلہ ہی کیوں نہ ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:143